تطر سے دیکھ۔ اور کسی کو بھی حقیر نہ جان۔ اپنے ظاہر کو آراستہ نہ کر کہ ظاہر کی آرائش باطن کی خرابی کی وجہ سے ہے۔ خلقت سے جھگڑا نہ کر اور کسی سے کچھ نہ چاہ۔ اور کسی سے خدمت نہ لے۔ اور مشائخ کی مال وجسم وجان سے خدمت کر اور ان کے افعال کا انکار نہ کر کہ ان کا منکر ہرگز رہائی نہ پائے گا عذاب سے۔ دنیا اور دنیاداروں پر مغرور نہ ہو۔ چاہئے کہ تیرا دل ہمیشہ اندوہ گین رہے۔ اور تیرا بدن بیمار۔ اور آنکھیں روتی ہوئی۔ اور تیرا عمل خالص اور دعا عاجزی اور گڑگڑانے کے ساتھ اور کپڑے پرانے۔ اور تیرے رفیق درویش اور تیری پونجی فقر۔ تیرا گھر مسجد اور تیرا مونس حق سبحانہٗ تعالیٰ۔ اور حضرت خواجہ کے کلماتِ قدسیہ میں سے یہ آٹھ کلمے ہیں کہ خواجگان قدس اللہ اسرارہم کے طریقہ کی بنا انھیں پر ہے۔ وہ ہیں ہوش دردم۔ نظر بر قدم۔ سفر در وطن۔ خلوت در انجمن۔ یادکرد۔ بازگشت۔ نگہداشت۔ یادداشت۔ اور ان کے سوا سب نصیحت ہے۔ پوشیدہ نہ رہے کہ تین کلمے اور ہیں اصطلاحوں میں سے اس طریقۂ علیہ کے۔ ایک وقوف زمانی اور ایک وقوف عددی اور ایک وقوف قلبی۔ یہ سب گیارہ کلمے ہیں۔ مولانا سعد الدین کاشغری قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ ہوش دردم یعنی انتقال ایک نفس سے دوسرے نفس کی طرف چاہیے کہ غفلت سے نہ ہو۔ حضور کے ساتھ ہو۔ جو سانس لے اللہ سے خالی اور غافل نہ ہو۔ اور حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ اس طریقہ میں نفس کی رعایت اور نگہبانی بہت ضروری ہے

Marfat.com

یعنی می باید که جمیع انفاس بر نسبت حضور و آگاهی مصروف شود۔ و اگر
کسی با غفلت نفس بر می کند می گویند که فلان کس گم کرده است۔ یعنی اوقات و روش
گم کرده است۔ و حضرت خواجه بهاء الدین قدس سره فرموده اند که بنا رکار
درین راه بر نفس باید کرد و نفس را نگذارد که ضایع گردد و در خروج و دخول
و حفظ ما بین النفسین می نماید که به غفلت فرو نرود و بیرون نیاید۔ شعر

ای دلا نه بحر علم بی ساحلیست — در بحر فراغ است در ساحل نشین
در هوش در دم نظر بر قدم کن — آگاه بجز باش مابین النفسین

حضرت خواجه مولانا نور الدین عبد الرحمن الجامی قدس سره السامی در
رسالهٔ شرح رباعیات آورده اند که شیخ ابو الجناب نجم الدین کبری قدس الله
روحه در رسالهٔ فواتح الجمال می فرمایند که ذکری که جاری است بر نفوس
حیوانات انفاس ضروریه ایشان است زیرا که به آمدن و فرو رفتن نفس
حرف ها که اشارت بغیب هویت حق سبحانه و تعالی است گفته می شود
اگر خواهند و اگر نه خواهند و آن حرف ها است که در اسم مبارک الله است
و الف و لام از برای تعریف است و تشدید لام از برای مبالغه در آن
تعریف۔ پس می باید که طالب هر نفس در نسبت آگاهی حق سبحانه و تعالی
بر این وجه باشد که در وقت تلفظ به این حروف شریفه ذات حق سبحانه
و تعالی ملحوظ وی باشد۔ و در خروج و دخول نفس واقف بود که

Marfat.com

یعنی یہ ہمیشہ ہر سانس ساتھ حضوری اور آگاہی کے موجود نہ تھی۔ اور جو کوئی رعایت سانس کی نہیں کرتا تو کہتے ہیں کہ فلاں شخص کھو گیا۔ یعنی فریق اور بکش بھول گیا۔ اور حضرت خواجہ بہاؤالدین قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ اس راہ میں کام کی بنا سانس پر کرنی چاہیے کہ سانس ضایع نہ ہو جائے۔ باہر آنے اندر جانے میں اور درمیان دونوں سانسوں میں نگاہبانی چاہیے کہ غفلت سے نہ گزرے

کیوں علم کے ساحل پہ پڑا روتا ہے — دولت ہے سمندر میں اک نا یہ کیا ہے

گوہر کا جو موجوں سے بچا کر نکلے — دو سانسوں کے درمیان دیکھ دریا ہے

حضرت مولانا نورالدین عبدالرحمن جامی قدس سرہٗ السامی رباعیات کی شرح کے آخر میں فرماتے ہیں کہ شیخ ابو الجناب نجم الدین کبریٰ قدس سرہٗ نے رسالہ فواتح الجمال میں فرمایا ہے کہ جو ذکر کہ جاری کیا ہے حیوانات کے نفسوں پر یہ اُن کے انفاس ضروریہ ہیں۔ اسی واسطے کہ سانس کے آنے جانے میں جو حرف ہاء سے ساتھ غیب ہویت حق سبحانہٗ تعالیٰ سے کیے جاتے ہیں۔ اگرچہ ہیں یا نہ چاہیں۔ وہ ہی حرف ہیں جو اللہ کے اسم مبارک میں ہیں۔ اور الف لام تعریف کا ہے۔ اور لام کی تشدید اُس تعریف کے مبالغے کے واسطے ہے تو چاہیے کہ طالب ہوشمند حق سبحانہٗ تعالیٰ کی آگاہی کی نسبت میں ایسی وجہ پر ہو کہ جب یہ حرف نکلتے ہیں آئیں حق سبحانہٗ تعالیٰ کی ہویت ذات اُس کی ملحوظ ہو۔ اور سانس کے اندر جانے اور باہر آنے میں واقف ہو۔

Marfat.com

در نسبت حضور مع اللہ فتورے واقع نہ شود تا کہ برسد بہ آنجا بے تکلف نگاہ داشت او بایں نسبت ہمیشہ حاضر دل او بودہ و بہ تکلف تواند کہ این نسبت را از دل دور کند۔ رباعی۔

باغیب ہویت آمدے حرف شناس | الفاس ترا بود بران حرف اساس
باش آگہ ازان حرف درامید وہراس | حرفے گفتم شگرف اگر داری پاس

پوشیدہ نماند غیبت ہویت کہ حضرت عبدالرحمٰن جامی عارف ربانی دریں رباعی گفتہ اند بہ اصطلاح اہلِ تحقیق عبارت است از ذات حق سبحانہٗ و تعالیٰ بہ اعتبار لاتعین یعنی بشرط اطلاق حقیقی کہ مقید نیست بہ اطلاق نیز ممکن نیست کہ درین مرتبہ ہیچ علمے و ادراکے ہرگز بوے متعلق گردد۔ و ازین حیثیت مجہول مطلق است۔

نظر بر قدم آن ست کہ سالک را در رفتن و آمدن در شہر و صحرا و ہر جا نظر بر پشت پائے او باشد تا نظر او پراگندہ نہ شود و بجائے کہ نمی باید نیفتد۔ و می شاید کہ نظر بر قدم اشارت بہ سرعت سیر سالک بود در قطع مسافات ہستی و طے عقبات خود پرستی۔ یعنی ہر جا کہ نظرش منتہی شود فی الحال قدم بران نہند۔ و آنکہ ابو محمد رویم قدس سرہٗ گفتہ است کہ اَدَبُ الْمُسَافِرِ لَا یُجَاوِزُ ہِمَّتَہٗ قَدَمَہٗ اشارت بہ این معنی است و حضرت عارف سبحانی عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ السامی در کتاب

نسبتِ حضور مع اللہ میں کچھ فتور نہ پڑے۔ یہاں تک کہ وہاں پہنچے کہ بے تکلف اس نسبت کی نگہداشت ہمیشہ اُس کے دل میں حاضر ہے ایسے کہ تکلف سے بھی اس نسبت کو دل سے دور نہ کر سکے۔ ترجمہ رباعی۔

کہتے ہیں ہویت ہے پس پردۂ غیب — چلتی ہیں اسی آس پہ سانسیں بے عیب

امید دہر اس میں بھی اسے یاد رکھو — جو بات میں کہتا ہوں وہ حق ہے لاریب

پوشیدہ نہ رہے کہ غیبتِ ہویت جو حضرت عبدالرحمٰن جامی عارفِ ربانی نے اس رباعی میں فرمائی ہے اہل تحقیق کی اصطلاح میں عبارت ہے ذاتِ حق سبحانہٗ تعالےٰ سے۔ باعتبارِ لاتعین کے۔ یعنی بشرطِ اطلاقِ حقیقی کے کہ مقید نہیں اطلاق سے بھی۔ ممکن نہیں ہے کہ اس مرتبہ میں کوئی علم اور کوئی ادراک ہرگز اُس سے متعلق ہو اور اس حیثیت سے مجہولِ مطلق ہے۔

نظر بر قدم یہ ہے کہ سالک کی نظر آنے جانے میں شہر اور جنگل میں سب جگہ پشتِ پا پر رہے۔ اس لیے کہ اس کی نظر پریشان نہ ہو۔ جہاں نہ چاہیے وہاں نہ جا پڑے۔ اور یوں بھی ممکن ہے کہ نظر بر قدم اشارہ ہو سرعتِ سیرِ سالک سے ہستی کی مسافت کے قطع کرنے میں اور خود پرستی کی گھاٹیاں طے کرنے میں یعنی جس جگہ اس کی نظر منتہی ہو فوراً اُس پر قدم رکھے۔ اور وہ جو ابو محمد رویم قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ:۔ (مسافر کا ادب یہ ہے کہ اُس کی ہمت اُس کے قدم سے تجاوز نہ کرے) اشارہ اسی طرف ہے۔ اور حضرت عارفِ سبحانی عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ نے ایسا ہی کتاب

Marfat.com

تحفة الاحرار در منقبت حضرت خواجه بهاء الدین قدس سره این مضمون را چنین به نظم آورده اند. ابیات:

گه زده سکه به نام هوش دم   در گذشته نقوش از قدم
بسکه زخود کرده به خلوت سفر   بازنمانده قدمش از نظر

سفر در وطن آنست که سالک در طبیعت بشری سفر کند یعنی از صفات بشری به صفات ملکی و از صفات ملکی به صفات رحمانی که تخلقوا باخلاق الله انتقال فرماید و حضرت مولانا سعد الدین کاشغری قدس سره فرموده اند که شخصی طبیعت بهر جاے که انتقال کند بیا همت را گر نه شود تا انتقال نه کند از صفات خبیثه ــ بدانکه احوال مشایخ طریقت قدس سره در اختیار سفر و اقامت مختلف است. بعضی از ایشان در بدایت سفر کنند و در نهایت مقیم شوند. و بعضی در بدایت مقیم شوند و در نهایت سفر کنند و بعضی در بدایت و نهایت مقیم شوند و سفر نه کنند. و بعضی در بدایت و نهایت سفر کنند و مقیم نه شوند. و هر طائفه را از اینها چهار فرقه در سفر و اقامت نیتے صادق و غرضے صحیح است. چنانچه در ترجمه عوارف مشروح است. اما طریقه خواجگان قدس الله تعالی ارواحهم در سفر و اقامت آنست که در بدایت حال چندانی سفر کنند که خود را به ملازمت عزیزے رسانند پس در خدمت وے مقیم شوند. و اگر هم در دیار خود کسی را

تحفۃ الاحرار میں حضرت بہاؤالدین قدس سرہ کی منقبت میں یہ مضمون اس طرح نظم میں لائے ہیں:۔

غفلت میں کوئی سانس نہ لینا ہشیار   آنکھوں کو قدم سے مت ہٹانا زنہار
خود اپنی ہی ہستی میں سفر کرنا تو   چھوٹے نہ نگاہ سے قدم کا رہوار

سفر در وطن یہ ہے کہ سالک طبیعت بشری سے سفر کرے۔ یعنی صفات بشری سے صفات ملکی کی طرف۔ اور صفات ملکی سے صفات رحمانی کی طرف بموجب (اللہ کی عادتیں اختیار کرو) کے اور حضرت مولانا سعد الدین کاشغری قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ شخص خبیث جس جگہ جائے اُس کی خباثت موقوف نہیں ہوتی۔ جب تک اُن صفات خبیثہ کو ترک نہ کرے۔ جاننا چاہیے کہ مشائخ طریقت کا حال سفر و اقامت کے اختیار کرنے میں مختلف ہے۔ بعضے ان میں سے ابتدا میں سفر کرتے ہیں۔ اور انتہا میں اقامت اختیار کرتے ہیں! اور بعضے ابتدا میں مقیم ہوتے ہیں اور انتہا میں سفر کرتے ہیں۔ اور بعضے اول و آخر میں مقیم ہی رہتے ہیں سفر نہیں کرتے اور بعضے ہمیشہ سفر ہی کرتے ہیں اقامت نہیں کرتے۔ اور ان چار فرقوں میں ہر فرقہ کے سفر اور اقامت میں نیت صادق اور غرض صحیح ہوتی ہے جیسا کہ عوارف کے ترجمہ میں مشروح ہے۔ لیکن طریقہ خواجگان قدس اللہ ارواحہم کا سفر اور اقامت میں یہ ہے کہ ابتدائے حال میں اتنا سفر کرتے ہیں کہ کسی عزیز کی ملازمت میں پہنچ جائیں۔ اور پھر اُس کی خدمت میں اقامت کریں اور جو اپنے ہی ملک میں یا شہر میں کسی ایسے کو

Marfat.com

ازین طائفہ پابند ترک سفر کردہ بملازمت وے شتابند وسعی جمیل در تحصیل ملکہ آگاہی بہ تقدیم رسانند۔ بعد از حصولِ صفت ملکہ سفر واقامت علی السویہ ہست۔ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ فرمودہ اند۔ کہ مبتدی را در سفر جز پریشانی ہیچ حاصل نیست۔ چو طالبے بہ صحبت عزیزے رسد وے را می باید کہ اقامت کردہ قیام خدمتِ وے نمودہ وصف تمکین حاصل کند۔ و ملکہ بہ سبب خواجگان قدس اللہ تعالےٰ ارواحہم بدست می باید آورد۔ بعد ازان بہر جا کہ بود ہیچ مانع نیست۔ رباعی

یارب چہ خوش است بے دہان خندیدن　　بے واسطہ چشم جہان را دیدن

بنشین وسفر کن کہ نہایت خوبست　　بے منت پا گرد جہاں گردیدن

حضرت عارف سبحانی عبد الرحمٰن جامی قدس سرہٗ در اشعۃ اللمعات در شرح این بیت کہ ؎

آئینہ صورت از سفر دور است　　کاں پذیرائی صورت از نور است

چنان فرمودہ اند کہ جانب صورت سفر نکند و جنبش ننماید زیرا کہ پذیرائی صورت او حیثیت صفا و نوریت وجہ خود شدہ است۔ ہر چہ در مقابلہ وے می افتد در وے می نماید۔ و صورت آن در وے منطبع می گردد بے حرکت وے بہ سوئے صورت۔ ہم چنین چون آئینہ معنوی دل از حشویات صور کونیہ خلاص یافت و نور و صفا وے را گرفت

Marfat.com

پاتے ہیں تو سفر ترک کر کے اُس کی ملازمت میں رہتے ہیں۔ اور خوب کوشش کرتے ہیں ملکۂ آگاہی کے حاصل کرنے میں بعد حاصل ہونے صفت کے ملکہ سفر اور اقامت دونوں برابر ہیں۔ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس اللہ سرہٗ نے فرمایا ہے کہ مبتدی کو سفر میں سوائے پریشانی کے اور کچھ حاصل نہیں۔ جب کوئی طالب کسی عزیز کی صحبت میں پہنچے اُسے چاہیئے کہ اقامت کر کے اُس کی خدمت میں رہے اور وصف تمکین حاصل کرے۔ اور ملکۂ نسبت خواجگان قدس اللہ ارواحہم کا تحصیل کرے۔ اس کے بعد جہاں ہو کچھ مانع نہیں۔ ترجمہ رباعی۔

بے ہونٹ ہلائے ہوئے ہنسنا کیا خوب ۔ بے آنکھ کھلے نگاہ کھلنا کیا خوب

بیٹھ اور سفر کر کہ یہی بہتر ہے ۔ بے پاؤں کے آفاق میں چلنا کیا خوب

حضرت عارف سبحانی عبد الرحمٰن جامی قدس سرہٗ نے اشعۃ اللمعات میں اس بیت کی شرح میں کہ سہ ترجمہ:

صورت آئینہ سفر سے دور ہے ۔ کیونکہ یہ صورت قبول نور ہے

یوں فرمایا ہے کہ آئینہ صورت کی طرف سفر نہیں کرتا ہے۔ اس واسطے کہ صورت کا قبول کرنا بسبب صفا اور نورانیت اپنی وجہ سے ہوتا ہے جو کچھ اُس کے مقابل میں آئے۔ اور صورت دکھائے اس کی صورت اس میں منطبع ہو جاتی ہے۔ اور وہ آئینہ کچھ حرکت صورت کی طرف نہیں کرتا۔ اسی طرح دل کا آئینہ معنوی صور کونیہ کے حشویات سے خلاص ہوتا ہے۔ اور نور و صفا اُس کو حاصل ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

ظلمات وخواہشہائے طبعی زائل شد در قبول تجلیاتِ ذات وصفاتِ الٰہیہ حاجت سیر وسلوک نہ دارد زیرا کہ سیر وسلوک ذے عبارت از تصفیہ و تصقالِ وجہ قلب است چوں آن صفا وصقالت رسید از سفر سیر وسلوک مستغنی شد۔

خلوت در انجمن۔ از حضرت خواجہ بہار الدین قدس اللہ سرہٗ پرسیدند کہ بنارِ طریقۂ شما برچیست، فرمودہ خلوت در انجمن۔ بظاہر با خلق و بباطن با حق سبحانہٗ تعالیٰ کہ مضمونِ حدیث اَلصُّوْفِیُّ ھُوَ الْکَائِنُ وَالْبَائِنُ۔ شعر

از درون شو آشنا و از برون بیگانہ وش
این چنین زیبا روش کم می بود اندر جہاں

آنچہ حق سبحانہٗ تعالیٰ فرمودہ است کہ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ اشارت بہ این مقام است۔ فرمودہ اند کہ نسبتِ باطنی دریں طریقہ چنان افتادہ است کہ جمعیتِ دل در بلا و در صورت تفرقہ بیشتر ازان بود کہ در خلوت۔ و فرمودہ اند کہ طریقۂ ما صحبت است کہ در خلوت شہرت و در شہرت آفت است۔ و خیریت و جمعیت در صحبت بشرطیکہ نفی بود در یک دیگر۔ خواجہ اولیاء کبیر قدس سرہٗ فرمودہ اند کہ خلوت در انجمن آن است کہ اشتغال و استغراق در ذکر بمرتبۂ رسد کہ اگر بہ بازار در آید، ہیچ سخن و آواز بازاریان نہ شنود از استیلاء ذکر

اور طبعی خواہشوں کے ظلمات زائل ہو جاتے ہیں تو وہ تجلیات ذاتیہ وصفاتیہ الٰہیہ کا قبول کرنے والا ہو جاتا ہے کچھ حاجت سیر وسلوک کی نہیں رکھتا اس واسطے کہ اُس کا سیر وسلوک تصفیہ وتصقیلِ قلب کی وجہ کا ہے جب وہ صاف وصیقل ہو گیا تو سفر سیر و سلوک سے مستغنی اور بے پروا ہو گیا۔

خلوت در انجمن حضرت خواجہ بہاء الدین قدس سرہٗ سے پوچھا کہ آپ کے طریقہ کی بنا کس چیز پر ہے؟ فرمایا خلوت در انجمن پر۔ بظاہر با خلق اور بہ باطن با حق سبحانہٗ وتعالیٰ۔ کہ صوفیہ کا ایک قول ہے۔ اَلصُّوْفِیُّ اَلْکَائِنُ الْبَائِنُ۔ (صوفی ظاہر و باطن میں یکساں موجود ہوتا ہے۔ ترجمہ شعر:

رفتار خوب ایسی ہوتی ہے کم جہاں میں ٭ باطن سے آشنا ہو بیگانہ ہو بظاہر

وہ جو حق سبحانہٗ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ (وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کو سوداگری اور خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کرتے۔) وہ اسی مقام کا اشارہ ہے۔ فرمایا ہے کہ باطنی نسبت اس طریقہ کی ایسی ہی ہے کہ ظاہر میں جمعیت دل کی اور تفرقہ کی صورت میں اس سے زیادہ جو خلوت میں ہو۔ اور فرمایا ہے کہ ہمارا طریقہ صحبت ہی کہ خلوت میں شہرت ہوتی ہے اور شہرت میں آفت ہی خیریت وجمعیت صحبت میں ہے بشرطیکہ باہم گر نفی ہو۔ خواجہ اولیاء کبیر قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ خلوت در انجمن یہ ہے کہ اشتغال واستغراق ذکر میں اس مرتبہ کو پہنچے کہ اگر بازار میں آئے تو بازار والوں کی کوئی آواز نہ سنائی دے۔ ایسا غلبہ ذکر کا

عہ متن میں اس قول کو حدیث کہا گیا ہے۔

Marfat.com

بحقیقت دل۔ خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ فرمودہ اند کہ سبب اشتغال بذکر از روے جد و اہتمام در مدت پنج شش روز باین مرتبہ می رسد کہ ہمہ آواز باد حکایات مردم ذکر نماید و سخن کہ گوید ذکر شنود در جمع قاضی محمد قدس سرہٗ منقول است کہ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار فرمودہ اند کہ در ابتداے سلوک ذکر بر من چنان مستولی بود کہ اگر بادے می وزید یا برگ درختے می جنبید و یا آواز گفتگوے مردمان بگوش می رسید ہمہ ذکر می پنداشتم۔ ہر کرا در بدایت حال چنان نشود نہایت وے بغایت کمالات ذات برسد۔

یادکرد۔ و آن عبارت از ذکر لسانی با قلب است۔ حضرت مولانا سعد الدین کاشغری قدس سرہٗ فرمودہ اند کہ طریق تعلیم ذکر آنست کہ اول شیخ بدل گوید لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مرید دل خود را حاضر کند و بمقابلہ دل شیخ بدارد و چشم فراز کند دہان استوار دارد و زبان را بکام چسپاند و دندان را بہم نہد و نفس را بگیرد و با قوت و تعظیم تمام ذکر شروع کند موافقت شیخ بدل گوید نہ بزبان۔ در حبس نفس صبر کند۔ در یک نفس سہ بار گوید چنانی کہ اثر حلاوت ذکر بدل برسد و حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ در بعضے از کلمات قدسیہ نوشتہ اند کہ مقصود از ذکر آن است کہ

Marfat.com

دل کی حقیقت پر ہو۔ خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ ذکر میں مشتغل ہونا کوشش واہتمام سے پانچ چھ روز میں حاصل ہوجاتا ہے کہ سب آوازیں اور حکایتیں لوگوں کی ذکر معلوم ہوتی ہیں اور جو بات کرتا ہے ذکر سنائی دیتا ہے۔ قاضی محمد قدس سرہٗ کے جمع میں منقول ہے کہ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ ابتدائے سلوک میں ذکر مجھ پر اس قدر غالب تھا کہ اگر ہوا بھی چلتی تھی یا کسی درخت کا پتہ کھڑکتا تھا یا کسی آدمی کی آواز میرے کان میں پہنچتی تھی سب مجھ کو ذکر معلوم ہوتا تھا۔ جس کا ابتدا میں حال ایسا نہ ہو وہ نہایت میں کمالات ذات کو نہیں پہنچتا ہے۔

یاد کرد کہتے ہیں ذکر زبانی دل کے ساتھ۔ حضرت مولانا سعد الدین کاشغری قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ ذکر کی تعلیم کا یہ طریقہ ہے کہ پہلے شیخ دل میں کہے "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ" مرید اپنا دل حاضر کرے اور شیخ کے دل کے مقابلہ میں رکھے اور آنکھیں بند کرلے اور منھ مضبوط بند کرے اور زبان کو تالو سے لگائے دانت کو دانت پر رکھ لے سانس کو اٹھائے اور خوب قوت و تعظیم سے ذکر کرے موافق شیخ کے۔ دل سے کہے زبان سے نہیں اور سانس کو روکے۔ ایک سانس میں تین دفعہ کہے ایسا کہ ذکر کی حلاوت کا اثر دل میں پہنچے۔ اور حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس اللہ سرہ العزیز نے اپنے بعض کلمات قدسیہ میں لکھا ہے کہ ذکر سے مقصود یہ ہے کہ ہو ہو ہو ہو ہو

Marfat.com

دل همیشہ آگاہ بحق سبحانہٗ تعالیٰ باشد بوصفِ محبت و تعظیم۔ اگر در صحبت ارباب جمعیت این آگاہی حاصل شود خلاصۂ ذکر حاصل شد و اگر در صحبت این آگاہی حاصل نہ شود طریق آن ست کہ ذکر گفتہ شود بہ طریقے کہ در فصل سابق گذشتہ۔

و بازگشت عبارت ست از ملاحظۂ ذکر۔ یعنی ہر بارے کہ بزبان و دل کلمۂ طیب را گوید باید کہ در عقبِ آن بہمان زیادہ گوید۔ خداوندا مقصودِ من توئی و رضائے تو۔ زیرا کہ این کلمۂ بازگشت نفی کنندۂ ہر خاطرے را کہ بیاید از نیک و بد تا ذکر او خالص ماند و سر او ازماسوی فارغ گردد۔ اگر مبتدی در بدایتِ ذکر بکلمہ بازگشت از خود صدقے در نیابد باید کہ ترکِ آن نہ کند۔ زیرا کہ بتدریج آثارِ صدق بظہور می یابد۔

نگاہداشت۔ و آن عبارت از مراقبۂ خواطر ست چنانکہ در یک دم چند بار کلمۂ طیب بگوید تا خاطر تغیر نہ رود۔ حضرت مولانا سعدالدین قدس سرہٗ در معنیٔ این کلمہ فرمودہ اند۔ باید کہ یک ساعت و دو ساعت و زیادہ از دو ساعت آن مقدار کہ میسر شود خاطر خود را نگاہدارد کہ غیرے بخاطر وے نگذرد۔ از خدمت مولانا قاسم علیہ الرحمۃ کہ از کبار اصحاب و مخصوصان حضرت خواجہ عبیداللہ احرارؒ بودند منقول ست

Marfat.com

دل ہمیشہ حق سبحانہٗ تعالےٰ سے آگاہ رہے۔ محبت اور تعظیم کے ساتھ اگر یہ آگاہی اہل جمعیت کی صحبت میں حاصل ہو جائے تو خلاصہ ذکر کا حاصل ہو گیا۔ اور جو صحبت میں یہ آگاہی حاصل نہ ہو تو یہ طریقہ ہے کہ ذکر کیا جائے۔ اس طرح، جس طرح پہلی فصل میں گذرا ہے۔

اور بازگشت کہتے ہیں ذکر کے ملاحظہ کو۔ یعنی ہر دفعہ جب زبان دل سے کلمہ طیب کہے تو اُس کے پیچھے اُسی زبان سے کہے کہ الٰہی میرا مقصود تو ہی ہے اور تیری رضا۔ اس واسطے کہ یہ کلمہ بازگشت نفی کرنے والا ہے ہر نیک و بد خطرے کا جو آئے تاکہ اس کا ذکر خالص ہو جائے اور اس کا سر ماسوا سے فارغ ہو۔ اگر مبتدی شروع میں بازگشت کے کلمہ کا صدق اپنے میں نہ پائے تو چاہیے کہ ترک نہ کرے۔ اسواسطے کہ رفتہ رفتہ صدق کا ظہور ہو جائے گا۔

نگاہداشت کہتے ہیں خطرۂ دل کے مراقبہ سے ایک دم میں کئی مرتبہ کلمہ طیبہ کہے کہ غیر کا خطرہ نہ آئے۔ حضرت مولانا سعدالدین قدس سرہٗ نے اس نگاہداشت کے کلمہ کے یہ معنی فرمائے ہیں۔ چاہیے کہ ایک ساعت یا دو ساعت اور دو ساعت سے زیادہ جس قدر ہو سکے اپنی خاطر کو نگاہ رکھے کہ غیر کا خطرہ اُس میں نہ آئے۔ حضرت مولانا قاسم علیہ الرحمۃ جو بڑے اصحاب اور مخصوصان حضرت خواجہ عبیداللہ احرار قدس سرہٗ کے ہیں، اُن سے منقول ہے کہ

Marfat.com

که فرموده اند که ملکهٔ در نگاهداشت به آن وجه رسیده است که از وقتِ طلوع فجر تا چاشتِ بلند دل را از خطورِ اغیار نگاه می تواں داشت بر وجہے که درین مقدارِ زمان قوتِ متخیله از عمل خود معزول گردد پوشیده نماند که عزلِ قوتِ متخیله بتمامها از عمل اگرچه نیم ساعت باشد نزد اہلِ تحقیق امرے بغایت عظیم است و آن از نوادر است۔ و بعضے کمّلِ اولیا را احیاناً این معنی دست می دہد۔ چنانکه حضرت شیخ محی الدین ابن العربی قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ در فتوحات مکی آنجا که بیان سجدِ قلب کرده اند در اسولہ و اجوبه به خواجه محمد علی حکیم ترمذی قدس اللہ تعالےٰ سرہٗ تحقیق این کرده اند۔

یادداشت که مقصود ازین ہمہ آنست عبارت از دوام آگاہی است بحق سبحانہٗ تعالےٰ بر سبیلِ ذوق۔ و بعضے به این عبارت گفته اند که حضور بے غیبت است۔ و نزدِ اہلِ تحقیق مشاہده که استیلاءِ شہود حق است بر دل بتوسط حب ذاتی کنایت از حضور یادداشت است۔ و حضرت خواجه احرار در شرح این چہار کلمه که مذکور شد این عبارت فرموده اند که یاد کرد عبارت از تکلف است در ذکر۔ و باز گشت عبارت از رغبت بحق سبحانہٗ و تعالیٰ بران وجه که ہر بار که کلمهٔ طیبه را گوید از عقبِ آن بدل اندیشد که خداوندا مقصودِ من توئی۔ نگاہداشت عبارت از محافظتِ این رجوع است۔ و یادداشت

Marfat.com

فرمایا ہے کہ ملکہ نگاہداشت میں اس وجہ سے پہنچا ہے کہ طلوع فجر سے جبتک چاشت کا وقت بلند ہو دل کو اغیار کے خطور سے نگاہ رکھ سکتا ہے اسی وجہ پر کہ اس قدر وقت میں قوت متخیلہ اپنے عمل سے معزول ہو جاتی ہے۔ پوشیدہ نہ رہے کہ قوت متخیلہ کا بالکل معزول ہو جانا، اگرچہ آدھی ساعت ہو، اہل تحقیق کے نزدیک ایک بڑا امر عظیم ہے۔ اور یہ نادر ہے اور بعضے بڑے اہل کمال کو یہ بات کبھی کبھی حاصل ہوتی ہے۔ جیسا کہ حضرت شیخ محی الدین ابن العربی قدس اللہ سرہٗ نے فتوحات مکی میں جس جگہ سجود قلبی کا بیان کیا ہے سوال و جواب میں خواجہ محمد علی حکیم ترمذی قدس اللہ سرہٗ کے اس امر کی تحقیق کی ہے۔

یادداشت۔ اس سے مقصود دوام آگاہی ہے حق سبحانہ تعالیٰ سے بر سبیل ذوق کے۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ مراد بے غیبت ہے اور اہل تحقیق کے نزدیک مشاہدہ ہے کہ استیلاء شہود حق ہے دل پر حب ذاتی کے واسطہ سے۔ یہ کنایہ حضور یادداشت سے ہے۔ اور حضرت خواجہ احرار نے ان چاروں کلموں کی شرح جو مذکور ہوئے یوں فرمائی ہے کہ یاد کرد ذکر میں تکلف ہے اور بازگشت حق سبحانہٗ تعالیٰ سے رغبت اس طرح سے کہ ہر دفعہ جو کلمہ طیبہ کہے اس کے پیچھے کہے کہ خداوندا میرا مقصود تو ہی ہے اور نگاہداشت محافظت اس رجوع کی ہے۔ اور یادداشت تو شہود ہے

Marfat.com

عبارت از رسوخ است در نگاہداشت

وقوفِ زمانی۔ حضرت بہاء الدین قدس سرہٗ فرمودہ اند وقوفِ زمانی کہ کارگذارندہٗ راہ است آن است کہ بندہ واقفِ احوالِ خود باشد در ہر زمانے کہ صفت و حالِ او چیست موجبِ شکر است یا موجبِ عذر است۔ حضرت مولانا یعقوب چرخی قدس سرہٗ فرمودہ اند در حالِ بسط شکر فرمودہ اند کہ رعایت این دو حال وقوفِ زمانی است۔ و ہم حضرت خواجۂ بزرگ فرمودہ اند کہ بِلے کارِ سالک را در وقوفِ زمانی بر ساعت نہادہ اند تا دریابندہ نفس شود کہ بحضور می گذرد یا بغفلت کہ اگر بر نفس بنا نہ کنند دریابندہ این دو صفت نہ شود۔ وقوفِ زمانی عبارت از محاسبہ است۔ حضرت خواجہ بزرگ فرمودہ اند کہ محاسبہ آن است کہ ہر ساعتے کہ آنچہ بر ما گذشتہ است محاسبہ می کنم کہ غفلت چیست و حضور چیست۔ می بینم کہ ہمہ نقصان است پس بازگشت می کنم و عمل از سر می گیرم۔

وقوفِ عددی۔ و آن عبارت از رعایتِ عدد است در ذکر۔ حضرت خواجۂ بزرگ بہاء الدین قدس اللہ تعالےٰ سرہٗ فرمودہ اند کہ رعایتِ عدد در ذکرِ قلبی برائے دفع خواطرِ متفرقہ است

Marfat.com

رسوخ سے مراد ہے نگاہداشت میں۔

وقوفِ زمانی۔ حضرت خواجہ بہاء الدین قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ وقوفِ زمانی جو سالک کا کام بنانے والا ہے، یہ ہے کہ بندہ اپنے حال سے واقف رہے ہر وقت۔ کہ اس کا کیا حال اور کیا صفت ہے۔ شکر کے لائق ہے یا عذر کے لائق۔ اور حضرت مولانا یعقوب چرخی قدس اللہ سرہٗ العزیز نے بھی فرمایا ہے اور بسط کے حال میں شکر کیا ہے کہ رعایت ان دونوں احوال کی وقوفِ زمانی ہے۔ اور یہ بھی حضرت خواجہ بزرگ نے فرمایا ہے کہ سالک کی بناءِ کار وقوفِ زمانی میں اس ساعت پر مقرر ہے کہ معلوم کرے نفس کو کہ حضور میں گذرتا ہے یا غفلت میں۔ اگر سانس پر بناء نہ کریں تو ان دونوں صفتوں کو معلوم کرنے والا نہیں ہوتا۔ اور وقوفِ زمانی محاسبہ سے مراد ہے۔ حضرت خواجہ بزرگ نے فرمایا ہے کہ محاسبہ یہ ہے کہ جو ساعت ہم پر گذری ہے ہم محاسبہ کرتے ہیں کہ غفلت کیا ہے اور حضور کیا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ سب نقصان ہے ہم بازگشت کرتے ہیں۔ اور نئے سرے سے عمل کرتے ہیں۔

وقوفِ عددی رعایت عدد کی ہے ذکر میں۔ حضرت خواجہ بزرگ بہاء الدین قدس اللہ سرہٗ نے فرمایا ہے کہ عدد کی رعایت ذکر قلبی میں متفرق خطرات کے دفع کرنے کے لیئے ہے

Marfat.com

و آنچه در کلام خواجگان قدس الله تعالی ارواحهم واقع است که فلانے مر فلانے را به وقوف عددی امر فرمود مقصود ذکر قلبی بے رعایت عدد، بلکه مجرد رعایت عدد در ذکر قلبی ـ و ذاکر را باید که در یک نفس سه کرت یا پنج کرت یا هفت کرت یا بیست و یک کرت ذکر گوید و عدد طاق را لازم شمرد حضرت خواجه علاء الدین عطار قدس الله روحه فرموده اند بسیار گفتن شرط نیست باید که هر قدر که گوید از سر وقوف و حضور باشد تا فائده این مرتب گردد ـ و چون در ذکر قلبی عدد از بست و یک بگذرد و اثر ظاهر نه شود دلیل باشد به بے حاصلی آن عمل ـ و اثر ذکر آن بود که در زمان نفی وجود بشریت منفی شود و در زمان اثبات اثرے از آثار تصرف جذبات الوهیت مطالعه افتد ـ و آنکه حضرت بزرگ فرموده اند که وقوف عددی اول مرتبهٔ علم لدنی است ـ می تواند بود که نسبت با اهل بدایت اول مرتبه لدنی مطالعه این آثار تصرفات جذبات الوهیت بود که حضرت خواجه علاء الدین فرموده اند چه آن کیفیتے و حالتے است که موصول است بمرتبهٔ قرب و علم لدنی دران مرتبه مکشوف می شود ـ و نسبت با اهل نهایت وقوف عددی که اول مرتبه علم لدنی است آن باشد که ذاکر واقف شود بر سریان واحد حقیقی در مراتب اعداد کونی همچنانکه واقف است بر سریان واحد عددی

Marfat.com

اور وہ جو خواجگان قدس اللہ ارواحہم کے کلام میں واقع ہے کہ فلاں نے فلاں کو وقوف عدد فرمایا اس سے مقصود ذکر قلبی ہے عدد کی رعایت کے ساتھ ۔ نہ فقط عدد کی رعایت ذکر قلبی میں ۔ اور ذاکر کو چاہیئے ایک سانس میں تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ یا سات مرتبہ یا اکیس مرتبہ ذکر کرے اور طاق عدد کو لازم کرے حضرت خواجہ علاء الدین عطار قدس اللہ روحہ نے فرمایا ہے کہ بہت کہنے کی شرط نہیں ۔ چاہیئے کہ جس قدر کہے وقوف اور حضور کے ساتھ کہے کہ فائدہ ہو ۔ اور جب ذکر قلبی میں عدد اکیس ۲۱ سے بڑھ جائے اور اثر ظاہر نہ ہو تو یہ بے حاصلی کی دلیل ہے اس ذکر کی ۔ اور ذکر کا اثر اسے کہتے ہیں کہ نفی کے وقت بشریت کے وجود کی نفی ہو جائے اور اثبات کے وقت جذبات الوہیت کے تصرف کے آثار کا اثر دھیان میں آئے اور وہ جو حضرت خواجہ بزرگ نے فرمایا ہے کہ وقوف عددی اول مرتبہ علم لدنی ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ اہل بدایت کی نسبت علم لدنی کا پہلا مرتبہ تصرفات جذبات الوہیت کے آثار کا مطالعہ ہو جو کہ حضرت خواجہ علاء الدین قدس سرہٗ نے فرمایا ہے اس لیئے کہ وہ ایک کیفیت اور حال ہے جو قرب کے مرتبہ سے وصل ہے اور علم لدنی اس مرتبہ میں مکشوف ہوتا ہے ۔ اور اہل نہایت کی نسبت وقوف عددی جو اول مرتبہ علم لدنی کا ہے یہ ہو کہ ذاکر واقف ہو واحد حقیقی کے سریان کا اعداد کونی کے مراتب میں جیسے واقف ہے واحد عددی کے

Marfat.com

در مراتبِ اعدادِ حسابی۔ شعر

اعداد کون و صورتِ کثرت نمائشی است
فَالْکُلُّ وَاحِدٌ یَتَجَلّٰی بِکُلِّ شَان

یکے از اکابر محققان این مضمون را چنین گفتہ است ؎

کثرت چو نیک درنگری عینِ وحدت است
ما را شکے نماند درین گر ترا شکے ست

در ہر عدد کہ بنگری از روے اعتبار
گر صورتش نہ بینی در مادہ اش یکے ست

و در شرح عبارات فرمودہ ؎

در مذہبِ اہلِ کشف و اربابِ خرد
ساری است احد در ہمہ افراد احد

زیرا کہ عدد گرچہ برون است ز حد
ہم صورت و ہم مادہ اش ہست احد

و تحقیق این وقوف است کہ اول مرتبہ علم لدنی است۔ واللہ اعلم بالصواب۔

و پوشیدہ نماند کہ علم لدنی علمے است کہ اہلِ قرب را بتعلیم الٰہی و تفہیم ربانی معلوم و مفہوم می شود نہ بدلائلِ عقلی و شواہدِ نقلی۔ چنانچہ کلامِ قدیم در حقِ حضرتِ خضر علیہ السلام فرمودہ وَعَلَّمْنَاہُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا۔ و فرق میانِ علمِ یقینی و علمِ لدنی آن است کہ علمِ یقینی عبارت از ادراکِ ذات و صفاتِ الٰہی است۔ و علمِ لدنی کنایت از ادراکِ معنی و فہمِ کلمات از حق سبحانہٗ و تعالیٰ بطریقِ الہام۔

و قوفِ قلبی۔ و آن بر دو معنی محمول است۔ یکے آنکہ دلِ ذاکر

Marfat.com

سریان کا، اعداد حسابی کے مراتب میں ۔ سے

اعداد خلق و صورت کثرت کی ہی نمایش ۔ بس ایک ہے جو کل میں جلوہ دکھا رہا ہے

اور بڑے محققوں میں سے ایک بزرگ نے اس مضمون کو یوں فرمایا ہے سے

جب غور سے یہ دیکھا کثرت ہے عین وحدت ۔ تب تو تمیز کرنا ہم کو تو شک نہیں ہے

گر اعتبار کر کے ہر اک عدد کو دیکھو ۔ صورت اگرچہ دیکھو اثنین تو کہیں ہے

اور شرح عبارات میں فرمایا ہے ۔ سے

کہتا ہے یہی اہل خرد کا مذہب ۔ ساری ہے ہر اک شے میں احد کا جلوہ

اعداد ہوں گو لاکھ فرد اور جفت ۔ ہے ذرہ ذرہ صورت میں صمد کا جلوہ

اور حقیقت میں یہ وقوف ہے جو علم لدنی کا اول مرتبہ ہے ۔ واللہ اعلم بالصواب ؛

پوشیدہ نہ رہے کہ علم لدنی وہ علم ہے کہ اہل قرب کو تعلیم الٰہی اور تفہیم ربانی سے معلوم اور مفہوم ہوتا ہے دو عقلی دلیلوں اور نقلی شواہد سے نہیں معلوم جیسا قرآن عظیم میں خضر علیہ السلام کے حق میں فرمایا ہے (اور سکھایا ہم نے اس کو اپنے پاس سے علم) اور علم یقینی اور علم لدنی میں یہ فرق ہے کہ علم یقینی ذات و صفات الٰہی کے ادراک کو کہتے ہیں۔ اور علم لدنی اسے کہتے ہیں جو بطریق الہام حق سبحانہ تعالیٰ کے کلمات کے معنی ادراک کرے ۔

وقوف قلبی دو معنی پہ بولا جاتا ہے ۔ ایک یہ کہ ذاکر کا دل

Marfat.com

واقف و آگاہ باشد بہ حق سبحانہٗ تعالےٰ و آن از مقولۂ یاد داشت حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ در بعض کلمات قدسیہ خود نوشتہ اند کہ وقوف قلبی عبارت از آگاہی و حاضر بودن دل است بجناب حق سبحانہٗ تعالےٰ بر آن وجہ کہ دل را ہیچ پایستی جز از حق سبحانہٗ نباشد۔ معنی دوم آنست کہ ذاکر از دل واقف بود۔ یعنی در اثنائے ذکر متوجہ قطعۂ لحم صنوبری الشکل شود و او را بمجاز دل می گویند۔ و در جانب الیسر محاذی پستان چپ واقع است۔ و او را مشغول و گویا بذکر گرداند و نگذارد کہ از ذکر و مفہوم ذکر غافل و زائل گردد۔ حضرت خواجہ بہاء الدین قدس سرہٗ در ذکر حبس نفس و رعایت عدد را لازم نمی شمر ند۔ اما وقوف قلبی را بہر دو معنی کہ گفتہ اند مہم می داشتند و لازم می شمر دند۔ زیرا کہ خلاصۂ آنچہ مقصود است از ذکر در وقوف قلب است۔ شعر۔

مانند مرغے باش ہاں بر بیضۂ دل پاسبان   کز بیضۂ دل زایدت مستی و ذوق و قہقہہ

فصل ۴ ۔ در بیان توجہ و غیر آن ۔ طریقۂ توجہ این طائفۂ علیہ در پرورش نسبت باطنی ایشاں چنان است۔ ہر گاہ کہ خواہند بدل اشتغال نمایند اولاً صورت آن شخص کہ این نسبت از و یافتہ باشند در خیال در آرند تا آن زمان کہ اثر حرارت و کیفیت معہودہ ایشان پیدا شود۔ بعد از آن آن خیال را نفی نہ کنند بلکہ آن را نگاہدارند و چشم و گوش و ہمہ قوی بہ آن خیال متوجہ بہ قلب شوند کہ عبارت است از حقیقت جامع انسانی کہ مجموعۂ کائنات از علوی و سفلی مفصل آن است ۔ اگرچہ آن از حلول در اجسام منزہ است ۔ اما چون نسبتے

Marfat.com

واقف اور آگاہ ہو حق سبحانہ تعالیٰ سے اور یہ مقولہ یادداشت سے ہے حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ نے لیعنے اپنے کلمات قدسیہ میں لکھا ہے کہ وقوفِ قلبی کہتے ہیں دل کی آگاہی اور حاضر ہونے کو حق سبحانہ تعالیٰ کی جناب میں ایسی وجہ پر کہ دل کو کوئی غرض سوائے حق سبحانہٗ تعالیٰ کے نہ ہو۔ اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ ذاکر دل سے واقف ہو یعنی ذکر کے درمیان قطعہ لحم صنوبری شکل کی طرف متوجہ ہو جسے مجازاً دل کہتے ہیں اور وہ بائیں طرف پستان کے نیچے واقع ہے۔ اور اُسے ذکر سے مشغول اور گویا کرے۔ اُسے چھوڑ نہ دے کہ وہ ذکر اور اس کے مفہوم سے غافل ہو جائے۔ حضرت خواجہ بہاء الدین قدس سرہٗ ذکر میں حبسِ نفس اور عدد کی رعایت لازم نہیں جانتے۔ مگر وقوفِ قلبی کو دونوں معنی سے جو ذکر ہوئے لازم و ضرور جانتے تھے اس واسطے کہ ذکر کا خلاصہ جو مقصود ہے وہ وقوف قلبی ہے۔

بیضۂ دل کا ہو چڑیوں کی طرح سے پاسباں تاکہ اس سے قہقہہ اور ذوق و مستی ہو عیاں

فصل ۴۔ توجہ وغیرہ کے بیان میں۔ اس طائفہ کی توجہ کا طریقہ اور باطنی نسبت کی پرورش کا دستور یوں ہے کہ جب چاہیں دل سے مشغول ہوں تو پہلے اُس شخص کی صورت جس سے یہ نسبت حاصل کی ہے خیال میں لائیں اُس وقت تک کہ حرارت کا اثر اور کیفیتِ معہودہ ظاہر ہو۔ اس کے بعد اس خیال کی نفی نہیں کرتے بلکہ اُسے نگاہ رکھتے ہیں۔ اور آنکھ اور کان اور تمام قویٰ سے اُس خیال کے ساتھ قلب کی طرف متوجہ ہوں جو حقیقتِ جامع انسانی ہے جس کی تفصیل کائنات علوی اور سفلی ہے اگرچہ وہ حقیقت جامع انسان میں حلول کرنے سے منزہ ہے لیکن چونکہ نسبت

Marfat.com

میان او و میان این قطعۂ صنوبری است۔ پس توجہ باین لحم صنوبری باید بود وچشم و فکر و خیال وہمہ قویٰ را بران باید گماشت۔ و ما شک نداریم کہ درین حالت کیفیت غیبت و بے خودی بہ رُخ نمودن آغاز کند۔ آن کیفیت را راسے فرض باید کرد و ہر خطرہ کہ در آید متوجہ بحقیقت قلبیہ خود نفی آن باید کرد۔ اگر نفی نہ شود التجا بصورت آن شخص باید کرد تا باز آن نسبت پیدا شود۔ آن زمان خود صورت نفی خواہد شد و اما باید کہ شخص متوجہ آن صورت را نفی نہ کند۔ و اگر چنانچہ باآن صورت وساوس نفی نہ شود چند نوبت بہ اسم یَا فَعَّالُ مُجِیب معنی در دل مشغول شود۔ اگر باین نیز دفع نہ شود در دل چند نوبت بہ تامل کلمۂ لا الٰہ الا اللہ بدین طریق کہ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہ تصور کند و آن وسوسہ مشوش از ہر نوع کہ باشد۔ چون موجودی است از موجودات ذہنی بحقیقت آن را بحق سبحانہٗ و تعالیٰ قائم ببیند۔ بلکہ عین حق داند۔ زیرا کہ باطل نیز بعض از ظہورات حق است کما قال الشیخ ابو زید قدس سرہٗ۔ اشعار

لَا تُنْکِرُ الْبَاطِلَ فِیْ طَوْرِہٖ ۔ فَاِنَّہٗ بَعْضُ ظُهُوْرَاتِہٖ
وَاَعْطِہٖ مِنْکَ بِمِقْدَارِہٖ ۔ حَتّٰی تُوَفِّیْ حَقَّ اِثْبَاتِہٖ

وَقَالَ الشَّیْخُ مُؤَیِّدُ الدِّیْن الْجُنْدِیْ فِیْ تَتِمَّتِهَا ۔

فَالْحَقُّ قَدْ یَظْهَرُ فِیْ صُوْرَتِہٖ ۔ یُنْکِرُ الْجَاهِلُ فِیْ ذَاتِہٖ

و شک نیست کہ باین تعمل ذوقے شود و نسبت عزیزان قوت گیرد و آن زمان آن فکر را نیز نفی کند و بحقیقت بے خودی متوجہ شود و از پے آن

اُس کے اور قطعۂ صنوبری کے درمیان میں ہے تو اس شکل لحم صنوبری کی طرف توجہ کرنی چاہیے۔ اور آنکھ، فکر، خیال اور سب قوی کو اسکی طرف متوجہ کرے اور تھوڑا اس میں کچھ نمک بھی کیں اس حالت میں غیبت بیخودی کی کیفیت دکھائی دینی شروع ہو۔ اس کیفیت کو ایک امر فرض کرنا چاہیے اور جو خطرہ آئے اُس کو اپنے قلب کی حقیقت کی توجہ سے نفی کرنی چاہیے۔ اگر نفی نہ ہو سکا تو اس شخص کی صورت سے التجا کرے کہ پھر وہ نسبت پیدا ہو جائے اس وقت خود وہ صورت نفی ہو جائے گی لیکن چاہیے کہ وہ شخص متوجہ اُس صورت کی نفی نہ کرے۔ اور جو اس صورت سے وسواس جائیں تو کئی بار "اسم" یا فرما کے معنی کے ساتھ دل میں مشغول ہو اور جو اس سے بھی وسواس دفع نہ ہو تو دل میں کئی بار تامل کے ساتھ کلمہ "لا الٰہ الا اللہ" اس طریق سے تصور کرے کہ "لا موجود الا اللہ" اور وہ وسوسہ جو پریشان کرنے والا ہے جس قسم کا ہو جب ایک موجود ہے اور موجودات ذہنی سی حقیقت میں اُسے حق سبحانہ تعالیٰ کے ساتھ قائم دیکھے بلکہ عین حق جانے۔ اس واسطے کہ باطل بھی بعضے ظہورات حق سے ہے۔ جیسا فرمایا ہے حضرت ابو یزید قدس سرہٗ نے ؎

دیکھ مت انکار کر باطل کے بھی اطوار کا
کیونکہ وہ بھی تو ظہور حق ہی بعض آثار کا

کر تو ثابت صورت باطل کو بھی اثبات سے
تا کہ پورا کر سکے حق اُس کی ہر مقدار کا

اور کہا ہے شیخ مؤید الدین جندیؒ نے اس کے تتمہ میں

حق جو ظاہر ہو کسی صورت میں حق ہی وہ ضرور
ذات میں کرتا ہی جاہل قصد کیوں انکار کا

اور شک نہیں کہ یہ عمل کرنے سے ایک ذوق حاصل ہوا اور نسبت عزیزاں کی قوت حاصل کرے اُس وقت اس فکر کی بھی نفی کرے اور بے خودی کی حقیقت کی طرف متوجہ ہو اور اُس کا

Marfat.com

برود۔ واگر با آنکہ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللہ در دل بگوید واللہ را مدبہ دہن بدل فرو برد وآن مقدار مشغول شود کہ بسیار ملول نہ گردد۔ چون بیند کہ ملول خواہد شد ترک کند وبداند کہ مادام غیبت وبے خودی ونسبت عزیزان در ترقی باشد فکر در حقائق اشیاء توجہ بہ جزئیات عین کفر است۔ ع

باخودی کفر وبے خودی دین است

بلکہ فکر در اسماء وصفات حق سبحانہ تعالےٰ ہم نہ باید کرد۔ زیراکہ مطلب این طائفہ علیہ توجہ بہ نسبتی است کہ سرحد وادی حیرت است ومقام تجلی انوار ذات است۔ وذکر اسماء وصفات تنگ نسبت کہ ازین مرتبہ فروتر است۔ شعر

تو مباش اصلا کمال این است بس | رو در وگم شو وصال این است بس

باید کہ در بازار وگفتگوے واکل وشرب وہمہ حالات آن حقیقت جامع را نصب العین خود سازد۔ واو را حاضر داند وتصور بخود بہ از حضرت جامعہ خود غافل نہ شود۔ بلکہ ہمہ اشیاء را بوے قائم داند وسعی کند کہ آن را درہمہ موجودات مستحسنہ وغیر مستحسنہ مشاہدہ نماید تا بجائے رسد کہ خود را ہمہ بیند وہمہ اشیاء را آئینہ جمال با کمال خود داند ودر حالت سخن گفتن نیز باید کہ ازین مشاہدہ غافل نہ شود۔ بلکہ گوشہ چشم دل او بدان سو باشد۔ اگرچہ بظاہر بچیزہاے دیگر مشغول باشد۔ چنانچہ فرمودہ اند۔ شعر

از درون شو آشنا واز برون بیگانہ باش | این چنین زیبا روش کم می بود اندر جہان

پیچھا پکڑے۔ اور اگر لا الٰہ الا اللہ دل میں کہے اور اللہ کو مدد دے لاؤ دل میں اندر لیجائے تو اس قدر مشغول ہو کہ بہت ملول نہ ہو جائے اور جب دیکھے کہ ملول ہوگا ترک کرے۔ اور یہ جان لے کہ جبتک غیبت اور بیخودی اور عزیزوں کی نسبت ترقی میں ہو حقائق اشیار میں جزئیات کی طرف توجہ کرنا عین کفر ہے۔ ع

باخودی ہے کفر یکسر بے خودی ہی دین ہے

بلکہ فکر حق سبحانہٗ تعالےٰ کے اسمار و صفات میں بھی نہ کرنا چاہیئے اس واسطے کہ اس طائفہ علیہ کا مطلب اس نسبت کی طرف توجہ ہے جو وادی حیرت کی سرحد ہے اور انوار ذات کی تجلی کا مقام ہے اور اس میں کچھ شک نہیں کہ اسمار صفات کا ذکر اس مرتبہ سے نیچے ہے۔ شعر

درمیاں میں تو نہ ہو تو ہے کمال　　　گم ہو اس کی ذات میں یہ ہے وصال

اور چاہیئے کہ بازار میں اور کھانے پینے میں اور ہر حال میں وہ حقیقت جامعہ اپنی آنکھوں کے سامنے رکھے اور اسے حاضر جانے اور جزوی صورتیں دیکھ کر اپنے حضرت جامعہ سے غافل نہ ہو۔ بلکہ تمام اشیار کو اس کے ساتھ قائم جانے اور کوشش کرے کہ اس کو تمام اچھی اور بری موجودات میں مشاہدہ کرے۔ یہاں تک کہ ایسے مرتبہ کو پہنچ جائے کہ اپنے آپ کو بھی وہی جانے اور تمام اشیار کو اپنے جمال با کمال کا آئینہ جانے۔ بات کرنے میں بھی اس مشاہدہ سے غافل نہ ہو۔ بلکہ دل کی آنکھ کا گوشہ اسی طرف لگا رہے۔ اگرچہ ظاہر میں اور چیزوں سے مشغول ہو۔ چنانچہ فرمایا ہے۔ شعر

باطن سے آشنا ہو بیگانہ ہو بظاہر　　　رفتار خوب ایسی ہوتی ہی کم جہاں میں

Marfat.com

وہر چند کہ صحبت بیشتر باشد این نسبت قوی تر گردد۔ چون بمرتبہ رسد کہ تفرقہ میانِ دل وزبان نتواند کردن۔ وخلق اورا از حق حجاب نشود۔ وحق حجاب از خلق نہ گردد۔ آن زمان تواند کہ بصفتِ جذبہ در دیگران تصرف کند و از جانبِ ارشاد دعوتِ خلق بحق آن کسے را باشد کہ باین مرتبہ برسد و باید کہ خود را از غضب راندن نگاہدارد کہ راندنِ غضب ظرفِ باطن را از نور معنی تہی وخالی می سازد۔ واگر ناگاہ غضبے واقع شود یا قصورے دست دہد کہ دورتے قوی ظاہر گردد۔ سررشتۂ نسبت کم گردد یا ضعیف شود۔ غسلے کند۔ اگر قوتِ مزاج وفا کند بہ آب سرد صفا می دہد والا بہ آب گرم وجامۂ پاک بپوشد و در خالی جای دو رکعت نماز بگذارد وچند نوبت بقوۃ نفس برکشد وخود را خالی سازد وبعد ازان ہمان طریق کہ گذشت متوجہ شود و در ظاہر نیز پیشِ حضرتِ جامع خود تضرع وبحلی توجہ یا و نماید و بداند کہ این حقیقتِ جامعہ مظہر مجموع ذات وصفات حق است، نہ آنکہ حق سبحانہٗ در وے حلول کردہ بلکہ بمنزلۂ صورت است درمرآت۔ پس این تضرع بحقیقت نزد حق سبحانہٗ وتعالیٰ باشد وبعضے ازین طائفہ علیہ قدس اللہ اسرارہم بجاے توجہ شیخ ونگاہداشت صورتِ او نگاہ داشت ہیئت رقمے کلمۂ طیبہ یا اسمِ مبارک اللہ می فرمایند خواہ آن را درخارج از خویش بنظر حسن ملاحظہ فرمایند خواہ درحوالی دل وسینہ بہ تخیل

Marfat.com

اور جس قدر صحبت زیادہ ہوگی اُسی قدر یہ نسبت زیادہ ہوتی جائے گی۔ اور جب اِس مرتبہ کو پہنچے کہ دل اور زبان میں تفرقہ نہ کر سکے اور خلقت اس کو اللہ کا حجاب ہو اور حق اُس کو خلقت کا حجاب ہو اُس وقت ہو سکتا ہے کہ یہ صفت جذبہ دلوگوں میں تصرف کرے۔ اور اجازت ارشاد کی خلقت کو اللہ کی طرف بلانے کی اس شخص کو ہوتی ہے جو اس مرتبہ کو پہنچ جائے اور چاہیے کہ اپنے تئیں غصہ کرنے سے بچائے غصہ کرنے سے باطن کا ظرف نور معنی سے خالی ہو جاتا ہے۔ اور اگر ناگاہ غصہ آجائے یا کوئی قصور ہو جائے یا کوئی بڑی کدورت ظاہر ہو اور سررشتہ نسبت کم ہو جائے یا ضعیف ہو جائے تو غسل کرے۔ اگر سرد پانی کے برداشت کی طاقت ہو تو سرد پانی سے صفا حاصل ہوتی ہے۔ ورنہ گرم پانی سے نہائے اور پاک کپڑے پہنے اور خالی جگہ میں دو رکعت نماز پڑھے اور کئی بار بہت زور سے سانس کھینچے اور اپنے تئیں خالی کرے اور پھر اُسی طریق گذشتہ سے متوجہ ہو۔ اور ظاہر میں بھی اپنے حضرت جامع سے عاجزی کرے اور گڑگڑائے اور بالکل اُس کی طرف متوجہ ہو اور جان لے کہ یہ حقیقت جامع مظہر ہے مجموع ذات و صفات حق کا۔ نہ یہ کہ حق سبحانہ نے اس میں حلول کیا ہے بلکہ بمنزلہ صورت کے ہے جو آئینہ میں۔ پس یہ تضرع درحقیقت حق سبحانہ تعالےٰ سے ہے اور بعضے اہل طائفہ علیہ کے بزرگ قدس اللہ اسرارہم بجائے توجہ شیخ یا اُس کی صورت کی نگاہداشت کے کلمہ طیبہ کی تحریری ہیئت یا اسم مبارک اللہ پر پوری توجہ سے نظر کرتے ہیں خواہ اس کو اپنے سے خارج میں نظر حس سے ملاحظہ کرتے ہیں خواہ دل کے گرد اور سینہ میں خیال سے

Marfat.com

امر کنند۔ و فقیر ده ساله بعد که حضرت خواجه باقی افاض الله علینا برکاته چون در دہلی تشریف آورده بودند فقیر را به کتابت اسم مبارک الله امر فرمودند بعد از مدتے به تخیل اسم مبارک در حوالی دل مامور شدم بسیار غیبت و بیخودی روی میداد که اصلا گنجایش خطره دیگر نمی شد و خیلے لذت و اطمینان قلب یافته می شد و مَنْ لَمْ یَذُقْ لَمْ یَدْرِ مثلے مقرر است۔ پوشیده نماند که لفظ نسبت و لفظ بار دو کلمه است که در عبارت و اشارات خواجگان قدس الله تعالے ارواحهم بسیار واقع شده است گاہے نسبت گویند مراد ازاں طریقه و کیفیت مخصوصه معهوده این طائفه علیه دارند و گاہے صفت غالب و ملکه نفس کشی اراده کنند۔ و گاہے بار گویند ومراد گرانی بے نسبتی دارند۔ چنانکه فلان بارے آورد یا فلان مارا در بار ساخت۔ وقتے که با کسے ملاقات کنند که بطریقه ایشان مناسبتے نداشته باشد و از نسبت او متاثر شوند اگرچه آنکس از اہل سلوک یا اہل علم و تقوی باشد زیرا که نسبت این عزیزان فوق نسبتها است و ہرچه غیر آن است بار خاطر ایشان است و گاہے لفظ بار گویند و ازان مرضے و غرضے اراده کنند چنانکه گویند فلان بار فلان برداشت یا فلان بار بر فلان انداخت۔ مراد ایشان دفع مرض یا حواله مرض باشد۔ ومخفی نماند که رفع مرض و حواله مرض اکثر در طریقه خواجگان است قدس الله ارواحهم۔ و حضرت خواجه عبید الله احرار قدس سره فرموده اند که

Marfat.com

امر فرمائیں۔ اور یہ فقیر دس برس کا تھا کہ حضرت خواجہ ہاشم افاض اللہ علینا برکاتہ، جب دہلی میں تشریف لائے تو فقیر کو فرمایا اللہ اللہ لکھا کرو۔ ایک مدت کے بعد فرمایا کہ دل کے گرداگرد خیال سے لکھا کرو بہت غلبیت اور بیخودی ظاہر ہوئی کہ ہرگز کسی خطرہ کو گنجائش نہ تھی اور نہایت ہی اطمینانِ قلب حاصل ہوتا تھا۔ (جس نے نہیں چکھا وہ کیا جانے) ایک مثل مشہور اور معتبر ہے۔ پوشیدہ نہ رہے کہ نسبت کا لفظ اور بار کا لفظ دو کلمے ہیں کہ خواجگان قدس اللہ اسرارہم کی عبارت و اشارات میں بہت واقع ہوئے ہیں۔ کبھی نسبت کہتے ہیں اور اس سے مراد طریقہ اور کیفیت مخصوصہ اور معہودہ اس طائفہ علیہ کی ہوتی ہے۔ اور کبھی اس سے مراد صفت غالبہ اور ملکہ نفس کی ہوتی ہے۔ اور کبھی بار کہتے ہیں اور بے نسبتی کی گرانی مراد ہوتی ہے جیسے کہتے ہیں کہ فلاں بارے آورد۔ یا فلاں مارا دربار ساخت جس وقت کسی ایسے سے ملاقات کرتے ہیں جو اُن کے طریقہ سے مناسبت نہ رکھتا ہو۔ اور اُس کی نسبت سے اُن پر اثر ہو۔ اگرچہ وہ شخص اہلِ سلوک یا اہلِ علم و تقویٰ ہی ہو۔ اس واسطے ان عزیزوں کی نسبت سب نسبتوں سے فوقیت رکھتی ہے۔ اور جو ان کی نسبت کے سوا نسبت ہو وہ اُن کی بارِ خاطر آتی ہے۔ اور کبھی لفظِ بار کہتے ہیں اور اس سے کوئی مرض یا کوئی غرض ارادہ کرتے ہیں جیسے کہیں فلاں بارِ فلاں برداشت یا فلاں بارِ فلاں انداخت۔ تو اس سے ان کی مراد رفع مرض یا حوالہ مرض ہوتی ہے۔ اور پوشیدہ نہ رہے کہ رفع مرض یا حوالہ مرض اکثر خواجگان کے طریق میں ہے۔ قدس اللہ اسرارہم۔ اور حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ

Marfat.com

آنچه از اکابر خانوادهٔ خواجگان قدس الله اسرارهم منقول است که در بارهٔ مردم
می آیند بیکی از دو صورت می تواند بود. یکی آنکه هر وقتی آشنائی و عزیزی را
مرضی و ملالتی یا ابتلایی "معصیتی عارض می شود ایشان طهارت می سازند و نماز
می گذارند و تضرع و زاری می کنند و از حضرت حق سبحانهٗ و تعالی در می خواهند که
او را از آن عارضه پاک و طاهر گرداند. و صورتی دیگر آن است که صاحب قصد
آن مرض و یا معصیت خود را می دانند و بجای او خود را اثبات می کنند و بعد
از طهارت و نماز تمام تضرع و زاری می کنند و بصدق و اخلاص توبه و انابت
می نمایند و خاطر مشغول می دارند و همت بر می گذارند که او را از آن ابتلا تمام
خلاصی و نجاتی میسر می شود. و فرموده اند در وقتی که یاری و عزیزی
بیمار است او را بهمت مددگاری کردن بسیار خوب است. مدد بر دو نوع
است یکی همت بتمامی مصروف باشد که مرض مرتفع شود. دیگر آنکه در وقت
مرض تفرقهٔ خاطر بسیاری باشد و به آسانی خاطر جمع می شود. و بهمت مدد می نمایند
که تفرقه مرتفع می شود. یا آنچه مقصود اصلی است نصب العین گردد. **طریقهٔ توجه**
خواجگان قدس الله اسرارهم آنچه توجه را تصرف می نامند برین وجه است که
بدل متوجه دل طالب شوند و از رهگذر آن ارتباط اتصال و اتحادی
میان دل ایشان و باطن آن طالب واقع می شود و بطریق انعکاس از
دل ایشان پرتو بر باطن وی می تابد و این صفتی است که ناشی از استعدا

Marfat.com

جو اکابر خانوادۂ خواجگان قدس اللہ ارواحہم سے منقول ہے کہ یاد میں لوگوں کے آتے ہیں ایک ان دو صورتوں میں سے ہو سکتا ہے۔ ایک یہ کہ جب کسی آشنا یا عزیز کو کوئی مرض یا ملامت یا کسی گناہ میں مبتلا ہونا عارض ہو جاتا ہے یہ طہارت کرتے ہیں۔ نماز پڑھتے ہیں اور تضرع و زاری کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ اس کو اس عارضہ سے پاک کرے۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ وہ جہاں مرض آیا ہے اور اپنی معصیت کو جانتے ہیں اور اس کی جگہ خود کو اثبات کرتے ہیں اور بعد طہارت و نماز کے تضرع اور زاری کرتے ہیں اور اللہ سے رجوع ہوتے ہیں اور دل کو مشغول رکھتے ہیں ہمت کرتے ہیں کہ اس کو اس مرض یا معصیت سے خلاصی اور نجات ہو اور فرمایا ہے کہ جب کوئی یار و عزیز بیمار ہو تو ہمت کے ساتھ اس کی مدد کرنی بہت خوب ہے۔ مدد دو طرح پر ہوتی ہے۔ ایک یہ کہ پوری ہمت سے مصروف ہو کہ مرض دُور ہو جائے۔ دوسری طرح یہ ہے کہ بیماری کے وقت تفرقہ خاطر بہت ہو جاتا ہے اور آسانی سے خاطر جمع نہیں ہوتی ہے ہمت سے مدد کرتے ہیں کہ وہ تفرقہ خاطر جاتا رہے یا جو مقصود اصلی ہے وہ نصب العین ہو جائے۔ طریقہ توجہ خواجگان قدس اللہ تعالیٰ ارواحہم اس توجہ کو تصرف کہتے ہیں کہ دل سے طالب کے دل کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اور بسبب اس ارتباط کے اتصال اور اتحاد ان کے دل میں اور اس طالب کے باطن میں واقع ہوتا ہے اور بطور عکس کے ان کے دل سے طالب کے باطن پر پرتو پڑتا ہے اور یہ ایک ایسی صفت ہے کہ ان کی استعداد سے

Marfat.com

الیشان است کہ بطریقِ انعکاس در آئینۂ استعداد آن طالب ظاہر شدہ اگر این
ارتباط متصل شود انچہ بطریقِ انعکاس حاصل شدہ بود صفتِ دوام پذیرد و
تبیینِ شرائط تصرف و دقائقِ آن و تفصیل روش آن بہ گفتن مرشد تعلق دارد۔
منقول است از خواجہ محمد یحیٰی پسر حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس اللہ تعالیٰ
سرہما کہ ارباب تصرف بر انواع اند۔ بعضے ماذون ومختار کہ بہ اذنِ حق سبحانہٗ
وتعالیٰ و باختیارِ خود ہرگاہ کہ خواہند تصرف کنند و اورا بمقام فنا و بے خودی
رسانند و بعضے دیگر از ان قبیلہ اند کہ باوجود قوتِ تصرف جز بامرِ غیبی تصرف
نہ کنند و تا از پیشگاہ مامور نہ شوند بہ کسے توجہ نہ کنند و بعضے دیگر آن چنانند
کہ گاہ گاہ صفتے و حالتے بر الیشان غالب شود و در غلبۂ آن حال در باطن مریدان
تصرف کنند و از حالِ خود الیشان را متاثر سازند پس کسے کہ نہ مختار بود و نہ ماذون
و نہ مغلوب از وچشم تصرف نباید داشت ۔

ترجمہ صفحہ هذا ۔ ظاہر ہوتی ہے کہ بطریق عکس کے طالب کی
استعداد کے آئینہ میں ظاہر ہوتی ہے. اگر یہ ارتباط متصل ہو تو جو بطریق عکس کے
حاصل ہوا تھا صفتِ دوام ہو جاتا ہے۔ اور بیان شرائطِ تصرف کا اور اُس کے
دقائق اور اس کی روش کی تفصیل مرشد کے کہنے سے متعلق ہے اور منقول ہے
حضرت خواجہ محمد یحیٰی صاحبزادے حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہما
سے کہ اہلِ تصرف بہت طرح کے ہیں۔ بعضے ماذون ومختار ہیں کہ حق سبحانہٗ تعالیٰ

Marfat.com

کے اذن سے اور اپنے اختیار سے جب چاہتے ہیں تصرف کرتے ہیں۔ اور کچھ مقام فنا اور بے خودی میں پہنچا دیتے ہیں۔ اور بعضے اس قسم کے ہیں کہ باوجود قوت تصرف کے سوائے امرِ غیبی کے تصرف نہیں کرتے جب تک ادھر سے امر نہ ہو کسی کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ اور بعضے ایسے ہیں کہ ان پر کبھی کبھی ایک صفت اور ایک حالت غالب ہو جاتی ہے اُس حال کے غلبہ میں مریدوں کے باطن میں تصرف کرتے ہیں اور اپنے حال کا اُن میں اثر پیدا کرتے ہیں۔ تو جو نہ مختار ہو۔ نہ ماذون ہو۔ اور نہ مغلوب اُس سے تصرف کی امید نہ رکھنی چاہیے۔

تصوف کی بعض اہم کتابیں

(۱) **دعواتِ فضلیہ** حضرت مولانا عبدالغفور صاحب عباسی نقشبندی مہاجر مدنی دامت برکاتہم نے یہ کتاب نہایت سلجھے ہوئے انداز میں لکھی ہے۔ سبع احزاب، ادعیۂ مخصوصہ، احادیثِ نبویہ، اسباقِ سلوک نقشبندیہ، شجرۂ مبارکہ اور معمولات و نصائح وغیرہ درج ہیں اور بہت دل پذیر ہیں۔ قیمت دو روپیہ۔ عہ/

(۲) **عمدۃ السلوک** (حصہ اول) حضرت مولانا شاہ زوار حسین صاحب مدظلہ العالی نے سلوک اور تصوف کے متعلق نہایت فاضلانہ طریقہ پر بحث کی ہے اور ہر وہ چیز جو کسی نہ کسی طرح ان مسائل میں ضروری ہے بیان کر دی ہے۔ پوری کتاب مستند اور مدلل ہے اور اس قابل ہے کہ ہر دوسری کتاب سے بے نیاز کر دیتی ہے۔ قیمت دو روپیہ عہ/ اس کتاب کا دوسرا حصہ (دوسری بار) زیر طبع ہے اور جلد شائع ہونے والا ہے۔

Marfat.com

(۳) حیاتِ سعیدیہ ۔ حضرت مولانا شاہ زوار حسین صاحب مدظلہ العالی نے اپنے شیخ حضرت خواجہ محمد سعید قریشی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات بڑے پُر کیف انداز میں لکھے ہیں جو معرفت و حقیقت کے آئینہ دار ہیں ۔ قیمت دو روپیہ عا ر

(۴) گلدستۂ مناجات ۔ حضرت مولانا شاہ زوار حسین صاحب مدظلہ العالی نے بعض اکابر اولیائے کرامؒ کی عربی، فارسی اور اُردو مناجات کا مجموعہ مرتب فرمایا ہے ۔ اس کا ہر شعر اہلِ دل کیلئے جان اور غذائے روح ہے ۔ قیمت ۴ ر

(۵) رسائلِ مشاہیرِ نقشبندیہ ۔ حضرت خواجۂ خواجگان بہاء الدین نقشبند بخاری قدس سرہٗ، حضرت خواجہ عزیزاں علی رامیتنیؒ، حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ، حضرت مولانا یعقوب چرخیؒ، خواجہ عبید اللہ (خواجۂ کلاں)، خواجہ عبید اللہ (خواجۂ خورد) اور حضرت شاہ غلام علی دہلوی رحمۃ اللہ علیہم کے بیش بہا فارسی رسائل کا مجموعہ ہے ۔ اس کا ہر فقرہ اور ہر جملہ بے شمار نکات و کیفیات کا خزانہ ہے تصوف کے موافق اور مخالف سبھی کیلئے قابلِ مطالعہ ہے ۔ ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب نے مرتب کیا ہے ۔ قیمت ۸ عہ ر

(۶) ہدایت الطالبین ۔ حضرت شاہ ابو سعید زکی القدر دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۲۵۰ھ) کا یہ گراں قدر اور نادر رسالہ نقشبندیہ مجددیہ سلوک سے متعلق ہے اور نہایت جامع ہے ۔ ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب نے اس کے فارسی متن کے ساتھ اُردو ترجمہ بھی ترتیب دیا ہے جو نہایت رواں دواں ہے ۔ قیمت ۸ عہ ر

(۷) تحفۂ زواریہ ۔ حضرت شاہ احمد سعید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۲۷۷ھ) کے نایاب فارسی مکتوبات کا مجموعہ ہے جو ڈاکٹر صاحب موصوف نے مرتب کیا ہے ۔ مسائلِ شریعت و طریقت کا نچوڑ ہے ۔ اور ادب و تاریخ کے لحاظ سے بھی اہم ہے ۔ پہلی بار شایع ہوا ہے ۔ قیمت ۸ عہ ر

ملنے کا پتہ :-

عبد الرحمن خاں، ۳۲۸ پیر الٰہی بخش کالونی ۔ کراچی ۵

Marfat.com

Marfat.com